پدمنی پکچرز کا

دل تیرا دیوانہ

दिल तेरा दिवाना

اداکاران

شمی کپور - مالا سنہا

محمود - شوبھا کھوٹے - اوم

وغیرہ وغیرہ

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

دِل تیرا دیوانہ فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

دھڑکنے لگتا ہے میرا دل تیرے نام سے
ایسا لگتا ہے کہ اب ہم گئے کام سے ۔ دھڑکنے ۔
میرے دِل میں جب سے ٹوٹا تیرے نین کا تیر
دِل میں رہ کر بن گیا وہ تو تیری ہی تصویر
نیند نہیں آتی ہے مجھ کو آرام سے
ایسا لگتا ہے کہ اب ۔
دھڑکنے لگتا ہے ۔

تیری باتیں تیرے قصے رہتے ہیں ہردم
محفل ہو یا ویرانہ ہو یا کوئی موسم
ڈرتے نہیں ہیں ہم عشق کے انجام سے
ایسا لگتا ہے کہ اب ۔
دھڑکنے لگتا ہے ۔

گانا نمبر ۲ ۔ جانِ وفا جانِ جہاں
جانِ تمنا کہوں
تو ہی بتا اے اجنبی، آخر تجھے کیا کہوں
میں پیار کی ننھی کلی، تم چاہے جو نام دو
تم کون ہو، کیا نام ہے۔ تم بھی ذرا کچھ کہو

میرا نام پیار ہے، میں نے دنیا کو دی زندگی
جینے والے میرے نام پر رہتے ہیں زندہ مر کے بھی
ہیں پیار کی ننھی کلی —
جانِ وفا جانِ جہاں —
میرا نام حسن ہے، میری پرچھائی ہے چاندنی
اٹھتی ہے جو دِل کے ساز سے
میں ہوں وہ پیار کی راگنی
جانِ وفا جانِ جہاں —
میں پیار کی ننھی کلی —
ہم جہاں بھی ساتھ ہوں۔ ہنستی ہے فصلِ گُل بھی وہیں
تجھ کو سدا میری جستجو - پر تیرے بن میں کچھ نہیں
جانِ وفا جانِ جہاں —
میں پیار کی ننھی کلی —

گانا نمبر ۲: - نظر بچا کر چلے گئے وہ
ورنہ گھائل کر دیتا
دِل سے دِل ٹکرا جاتا تو دِل میں اگنی بھر دیتا
ورنہ گھائل کر دیتا —
ملتی آنکھ تو وہ بھی دیکھتے میرے پیار کا جادو
اپنے رنگ میں ہم بھی کم نہ تھے کر دیتے بے قابو
نظر بچا کر ——
گر وہ ٹھہرتے میرے سامنے، دِل پہ تیر چل جاتے

وہ حسین ہے ہم جوان ہیں
سارے بھید کھل جانے ۔ نظر بچا کر
ہم سے کیا ملک یوں چھپ گئے، وہ اپنی نشان دکھا کے
ایک بار وہ تو آ ہی جائیں گے میرے پاس شرما کے
نظر بچا کر ــــ
گا نا بڑا یہ بجلی گرا کے آپ خود بجلی سے ڈر گئے
ہم سادگی پہ آپ کی للّٰہ مر گئے
ہائے، ہائے ہائے
دل تیرا دیوانہ ہے صنم
جانتے ہو تم کچھ نہ کہیں گے ہم
محبت کی قسم ــــ
او دل تیرا دیوانہ صنم
پیار کے ایسے یہ ہم سفر
چل دیں گے نہ جانے گا دل جدھر
راہ میں کھو جائیں گے آج تو
منزل کہاں ہے ہمیں کیا خبر
کچھ چاہت کا اثر، کچھ موسم کا اثر
او دل تیرا دیوانہ صنم
تیری آنکھوں میں جو مرد ہے ۔ سارا اسی کا فتور ہے
ستیاں انجانی نگری پیار کی
ناداں یہ دل تیرا مجبور ہے

جیون میں ایک بار جو دیکھو جاتا ہے پیار - دِل تیرا
کیا کیجئے کوئی بن بھا گیا - دِل میں ہمارے وہ سما گیا
جس کے کسی نے دیکھا ایک بار - دِل کی مرادیں کوئی پا گیا
سانسوں میں میٹھی آگ - ہونٹوں پہ میٹھا راگ - دل
گاتا ہو نہ   رِکشے پہ میرے تم آ بیٹھے

اب میرا ہنر دیکھو
دنیا ہے مزے کیسے کیسے ، اپنا یہ سفر دیکھو
اور رِکشے پہ تمہارے آ بیٹھی ، خوشیاں ہیں جدھر دیکھو
لے پہنچی مجھے کِس دُنیا میں - چاہت کی لہر دیکھو
رِکشے میں میرے ——
دُلکی چلوں میں سرپٹ چلوں میں ہر چال ہے نرالی
نکلوں اِدھر سے ، نکلوں اُدھر سے ، جیسے صبح کی لالی
میں دِل میں تمہیں دیکھوں ، اپنے ہم سارا شہر دیکھو
دنیا ہے مزے کیسے کیسے ——
اور رِکشے میں تمہارے ——
صبح دیکھ کے آج میں تیرے ساتھ نکلی میں اُس نگر کو
روکے نہ کوئی ٹوکے نہ کوئی - جہاں پیار کی ڈگر کو
میں محلے دو محلے چھوڑ آئی - میرا بھی جگر دیکھو
لے پہنچی مجھے کس دُنیا میں چاہت کی لہر دیکھو - رِکشے
ہے تن پہ بوجھ ، ہے من پہ بوجھ ، لیکن گدھا نہیں ہوں
چہرہ فقیر ، دِل بے نظیر - دِل کا بُرا نہیں ہوں

کیا مجھے نہ مار دے یہ مجھ کو تم اپنی نظر دیکھو
دنیا ہے مزے ـــــ

گانا نمبر ۶ :- مجھے کتنا پیار ہے تم سے
اپنے ہی دِل سے پوچھو تم
جسے دِل دیا ہے وہ تم ہو
میری زندگی تمہاری ہے ـــ مجھے کتنا ـــــ
جانے نے تری مجھ کو - کچھ اس طرح سے گھیرا
دن کو بھی تیرے چرچے - راتوں کو خواب تیرے
تم سو جہاں وہیں پر - رہتا ہے دِل بھی میرا
بس اِک خیال تیرا - کیا شام کیا سویرا
مجھے کتنا پیار ـــــ
یہ دُنیا کیسے بدلی - کچھ بھی سمجھ نہ آئے
کیونکر وہ ہوئے اپنے - کل تک جو تھے پرائے
دِل کی لگن تو یہی - پھر کیوں نہ رنگ لائے
میرے تھے تم سدا سے - تیرا سا قریب آئے
مجھے کتنا پیار ـــــ
میری وفا کو اب تو - تم آزمانا چھوڑ دو
دِل کو چرا کے میرے - آنکھیں چرانا چھوڑ دو
مجھ کو بنا کے اپنا - باتیں بنانا چھوڑ دو
ہیں کب نہ تھی تمہاری - لیکن ستانا چھوڑ دو
مجھے کتنا پیار ـــــ

گانا نمبر ۷

معصوم چہرا یہ قاتل ادائیں
کہ بے موت مارے گئے ہم بیچارے
ساگر سے گہری تمہاری نگاہیں
ڈبو دیں نہ ہمکو یہ لاکر کنارے
ہوا سامنا کیا کہ سو طور کھائے
عجب تیر تھے وہ نظر بھی نہ آئے
کیا ہم پہ گزری تمہیں کیا بتائیں
کہ بے موت مارے ———
ساگر سے گہری ———
محبت کی اونچائی پر آ چکے ہم
اب راہ کی دھول ہیں دونوں عالم
مگر کہہ رہی ہیں یہ دل کی صدائیں
ڈبو دیں نہ ہمکو یہ لاکر کنارے
معصوم چہرا ———
دیا زخم تم نے بڑا خوبصورت
لیا داغ ہم نے بڑا خوبصورت
سلامت رہیں آپ کی یہ جفائیں
کہ بے موت مارے ———
ساگر سے گہری ———
ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت عزیز زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر استاد کے ہر مرد عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف 1/8/ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی